اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

نُسخۂ بَغدادی کی تَرغِیب

پیاری اسلامی بہنو! شیخِ طریقت، امیر اہلسنت دامت برکاتهم العالیه اپنے رسالے "جنّات کا بادشاہ" میں فرماتے ہیں کہ: ربیع الآخر کی گیارہویں شب (یعنی بڑی رات) سرکارِ غوث اعظم رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ کے گیارہ نام (اول آخر گیارہ بار درود شریف) پڑھ کر گیارہ کھجوروں پر دم کر کے اسی رات کھالیجئے اِنۡ شَآءَ اللّٰہ سارا سال مصیبتوں سے حفاظت ہو گی۔ یہ نسخہ گیاہویں رات کے لئے ہے اور رات کا آغاز غُروبِ آفتاب سے ہوتا ہے لہٰذا غُروبِ آفتاب سے پہلے نہیں کر سکتے۔ (دارالافتاء اہلسنت)

گیارہ نام یہ ہیں

(1) سَیِّد مُحۡیُ الدِّیۡن سلطان

(2) مُحۡیُ الدِّیۡن قُطۡب (3) مُحۡیُ الدِّیۡن خواجہ

(4) مُحۡیُ الدِّیۡن مَخۡدُوم (5) مُحۡیُ الدِّیۡن وَلِی

(6) مُحۡیُ الدِّیۡن بادشاہ (7) مُحۡیُ الدِّیۡن شیخ

(8) مُحۡیُ الدِّیۡن مولٰنا (9) مُحۡیُ الدِّیۡن غوث

(10) مُحۡیُ الدِّیۡن خلیل (11) مُحۡیُ الدِّیۡن

یہ عمل چھوہاروں پر بھی کیا جا سکتا ہے (دارالافتاء اہلسنت)

ایک اسلامی بھائی کے بیان کا لُبِّ لباب ہے کہ 11 ربیع الآخر 1425ھ (2003) کی سالانہ گیارہویں شریف کے موقع پر میں دعوتِ اسلامی کی جانب سے کورنگی (کراچی) میں ہونے والے محفلِ نعت میں حاضر تھا، محفلِ نعت میں سنتوں بھرے بیان کے دوران "بغدادی نسخہ" بتایا گیا۔ بیان کے بعد سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ میں بیعت کروانے کا سلسلہ شروع ہوا، اسی دوران بیٹھے بیٹھے مجھے اونگھ آ گئی سر کی آنکھیں تو کیا بند ہوئیں دل کی آنکھیں کھل گئیں! کیا دیکھتا ہوں کہ گیارہویں والے غوث پاک رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ جلوہ فرما ہیں اور انہوں نے چادر پھیلا رکھی ہے۔ میں نے بڑھ کر چادر تھام لی۔ مجھے ایسا لگا کہ اور بھی بہُت سارے لوگوں نے چادر تھام رکھی ہے مگر کوئی نظر نہیں آرہا تھا! مائیک سے آنے والی آواز کے مطابق میں نے بیعت کے الفاظ دہرائے۔ جب بیعت کا سلسلہ ختم ہوا تو میں نے ہمت کر کے بارگاہِ غوثیت مآب میں عرض کی: یا مرشد! میری زوجہ اُمید سے ہیں، دردِ زہ کی وجہ سے بہت سخت تکلیف ہو رہی ہے، ڈاکٹر نے آپریشن کا کہا ہے۔ کرم فرمایئے! ارشاد ہوا: "ابھی جو نسخہ بغدادی بیان کیا گیا ہے اُس کے مطابق عمل کرو۔" میں نے عرض کی: میرے پیارے پیر صاحب! رات کافی گزر چکی ہے، اور اس نسخے پر تو راتوں رات عمل کرنا ہے۔ فرمایا: تمہارے لئے اجازت ہے کہ آج دن کے وقت گیارہویں تاریخ ختم ہونے سے پہلے پہلے اِس نسخے پر عمل کر لو۔ اور سنو! اِنۡ شَآءَ اللّٰہ بغیر آپریشن کے دو جڑواں بچوں کی ولادت ہو گی۔ ایک کا حسان اور دوسرے کا نام مشتاق رکھنا، دونوں کی گردنوں پر میرا قدم ہو گا۔" میں نے گھر پہنچ کر دن کے وقت نسخہ بغدادی کے مطابق گیارہ کھجوریں کھلا دیں۔ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہ کھجوریں کھاتے ہی راحت نصیب ہو گئی پھر وقت آنے پر بغیر آپریشن کے بہت آسانی کے ساتھ ولادت ہو گئی اور خدا کی قسم! میرے مرشد پاک غوثِ اعظم رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ کی دی ہوئی غیب کی خبر کے مطابق دو جڑواں بچے پیدا ہوئے۔ سرکارِ غوث پاک رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ کے حسب الارشاد میں نے ایک کا حسان اور دوسرے کا نام مشتاق رکھا۔

یہ دل یہ جگر ہے، یہ آنکھیں یہ سر ہے جدھر چاہو رکھو قدم غوثِ اعظم

(جنات کا بادشاہ)

اس کے علاوہ ایک "جیلانی نسخہ" بھی سماعت فرما لیجئے کہ ربیع الآخر کی گیارہویں رات تین کھجوریں لے کر ایک بار سورۃ الفاتحہ، ایک بار سورۃ الاخلاص، پھر گیارہ بار یَا شَیۡخ عَبۡدَ الۡقَادِر جِیۡلَانِی شَیۡئًا لِلّٰہِ اَلۡمَدَد (اوّل و آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر ایک کھجور پر دم کیجئے۔ اس کے بعد اسی طرح دوسری اور تیسری کھجور پر بھی پڑھ پڑھ کر دم کر دیجئے یہ کھجوریں راتوں رات کھانا ضروری نہیں جو چاہے جب چاہے جس دن چاہے کھا سکتا ہے۔ اِنۡ شَآءَ اللّٰہ پیٹ کی ہر طرح کی بیماری (مثلاً پیٹ کا درد، قبض، گیس، پیچش، قے، پیٹ کے السر وغیرہ) کے لئے مفید ہے۔

رَحۡمَۃُ اللّٰہِ عَلَیۡہ

آپ جیسا پیر ہوتے کیا غرض در در پھروں آپ سے سب کچھ ملا یا غوثِ اعظم دستگیر

(جنات کا بادشاہ ص20)

پیاری اسلامی بہنو!

ان نسخوں پر نہ صرف خود عمل کیجئے بلکہ اپنی عزیز، رشتہ دار اور دیگر اسلامی بہنوں کو بھی خیر خواہی کی نیت کے ساتھ ترغیب دلایئے۔ یاد رہے! کہ اسلامی بہنیں "نسخۂ بغدادی" مخصوص ایام میں پڑھ سکتی ہیں جب کہ "نسخۂ جیلانی" مخصوص ایام میں نہیں پڑھا جا سکتا۔ اللّٰہ پاک ہمیں ہر آفت وبلا اور بیماریوں سے محفوظ فرمائے۔ (اٰمین)